**13-05-2024**
**21.15 Hrs**
**HL**
**آداب**
**یہ آکاشوانی ہے**
**خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد**
**---------------------------------**
**---------------------------------**

* انتخابات کے چوتھے مرحلے کے لیے پولنگ پرامن طور پر ختم ہو گئی۔ اس مرحلے کے تحت 62 اعشاریہ آٹھ چار فیصد ووٹروں نے ووٹ ڈالے۔ سری نگر پارلیمانی حلقے میں ریکارڈ 36 اعشاریہ پانچ آٹھ فیصد ووٹروں نے ووٹ ڈالے جو کئی دہائیوں میں سب سے زیادہ ہے۔
* لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کے لیے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے اور سیاسی لیڈر ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے مختلف ریاستوں کا دورہ کر رہے ہیں۔
* وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی کل وارانسی میں اپنے کاغذات نامزدگی داخل کریں گے۔
* بھارت اور ایران نے چھہ بہار میں شہید بہشتی بندرگاہ پر کارروائی کے لیے طویل مدتی سمجھوتے پر دستخط کیے ہیں۔
* وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت اور ایران کے درمیان معاہدے سے پاکستان کی گوادر بندرگاہ کو بائی پاس کرتے ہوئے کاروباری نقل و حمل کا ایک متبادل راستہ فراہم ہوگا۔
* ممبئی میں گھاٹ کوپر علاقے میں آندھی کی زد میں ایک بڑے بل بورڈ کے گرنے کے سبب تین افراد ہلاک اور 59 زخمی ہوئے ہیں۔
* اور اٹیلین اوپن ٹینس میں روہن بوپنا اور میتھیو ایبدن کی جوڑی مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

**---------------------------------**
**---------------------------------**

**اب خبریں تفصیل سے**

## Rev. ECI Poll Percentage

آج لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے میں شام آٹھ بجے تک 62 اعشاریہ آٹھ چار فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ اس مرحلے میں، 9 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام ایک علاقے کی 96 لوک سبھا نشستوں پر پولنگ ہوئی۔ شام آٹھ بجے تک آندھراپردیش میں 68 اعشاریہ ایک دو فیصد، بہار میں 55 اعشاریہ نو صفر فیصد، جبکہ تلنگانہ میں 61 اعشاریہ تین نو فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ جموں وکشمیر میں 36 اعشاریہ پانچ

آٹھ فیصد، جھارکھنڈ میں 63 اعشاریہ تین سات فیصد، جبکہ مدھیہ پردیش میں 68 اعشاریہ چھ تین فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی ہے۔ مہاراشٹر میں پولنگ 52 اعشاریہ سات پانچ فیصد ریکارڈ کی گئی جبکہ اڈیشہ میں 63 اعشاریہ آٹھ پانچ فیصد، اترپردیش میں 57 اعشاریہ آٹھ آٹھ فیصد اور مغربی بنگال میں 75 اعشاریہ نو چار فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی ہے۔

آندھراپردیش کی 25 سیٹوں، تلنگانہ کی 17، اترپردیش کی 13 نشستوں، مہاراشٹر کی 11 سیٹوں، مدھیہ پردیش اور مغربی بنگال کی آٹھ-آٹھ نشستوں، بہار کی پانچ سیٹوں، جھارکھنڈ اور اڈیشہ کی چار-چار سیٹوں نیز مرکز کے زیر انتظام جموں وکشمیر کی ایک سیٹ پر اِس مرحلے میں ووٹ ڈالے گئے۔

چوتھے مرحلے کیلئے مجموعی طور پر ایک ہزار 717 امیدوار میدان میں ہیں۔

انتخابی کمیشن نے کہا کہ پولنگ کا عمل پُرامن رہا۔ سرینگر پارلیمانی حلقے میں 36 اعشاریہ پانچ آٹھ فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی جو کہ کئی دہائیوں میں سب سے زیادہ ہے۔ Chadoora، چاہِ شریف، گاندربل، Kangan، خان صاحب اور شوپیاں اسمبلی حلقوں میں 45 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

بڈگام، گاندربل، پلوامہ اور شوپیاں میں مکمل طور پر پُرامن اور سب سے زیادہ پولنگ ہوئی۔ کمیشن نے کہا کہ ایک افسوسناک واقعے میں تلنگانہ کے چمپا پیٹ میں ایک پولیس افسر جاں بحق ہوگئے جب وہ ڈیوٹی پر تھے۔ اس المناک موت پر فوری امدادی کارروائی کرتے ہوئے کمیشن نے تلنگانہ کے CEO کو جاں بحق ہونے والے پولنگ افسر کے خاندان کو نقد رقم کی فوری ادائیگی کرنے کی ہدایت دی۔چوتھے مرحلے کی تکمیل کے ساتھ ہی عام انتخابات کیلئے پولنگ آدھے سے زیادہ ہوگئی ہے جس میں 23 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں 379 پارلیمانی حلقوں میں پولنگ مکمل کرلی گئی ہے۔ اروناچل پردیش، سکم، آندھراپردیش اور اڈیشہ اسمبلی کی 28 اسمبلی نشستوں کیلئے عام انتخابات میں پولنگ مکمل ہوگئی ہے۔x

## Poll Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کے لیے انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈر اپنی پارٹی کے لیے حمایت طلب کرنے کی غرض سے مختلف ریاستوں کا دورہ کر رہے ہیں۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے آج شام اترپردیش کے وارانسی میں ایک بڑا روڈ شو کیا۔ اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ ان کے ہمراہ تھے۔ وزیراعظم مودی وارانسی لوک سبھا سیٹ سے موجودہ ممبر پارلیمنٹ اور اِس سیٹ کے لیے امیدوار ہیں۔ وہ کل اِس حلقے سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کریں گے۔

چھ کلومیٹر طویل روڈ شو میں حصہ لینے کے لیے وارانسی میں بڑی تعداد میں لوگ جمع ہوئے۔ جناب نریندر مودی نے اِس مقدس شہر میں پنڈت مدن موہن مالویا کے مجسمے پر خراج عقیدت بھی پیش کیا۔

اس سے قبل دن میں وزیراعظم نے بہار میں حاجی پور، مظفرپور اور سارن میں ریلیوں سے خطاب کیا۔ انہوں نے ریاست کے عوام سے کہا کہ وہ ملک کی ترقی کے لیے ووٹ دیں۔

S/B - 2100 - PM Saran

وزیراعظم نے آج شام پٹنہ شہر میں تخت سری ہرمندر جی پٹنہ صاحب کا بھی دورہ کیا۔ کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی نے اتر پردیش میں رائے بریلی میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ اگر کانگریس آئی این ڈی آئی اے بلاک مرکز میں اقتدار میں آتا ہے تو اِس کا پہلا کام غریب کسانوں کے قرضے معاف کرنا ہوگا۔ کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا نے ریاست میں امیٹھی میں ایک عوامی میٹنگ کی۔

انہوں نے قیمتوں میں اضافے کے لیے حکومت کی نکتہ چینی کی۔

S/B- 2100 -Priyanka Gandhi Gas Cylinder

بی ایس پی کی سپریمو مایاوتی نے ریاست کی راجدھانی لکھنؤ میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔ انہوں نے اپنی تقریر میں BJP پر حملہ کیا اور کہا کہ زعفرانی پارٹی اِس مرتبہ اقتدار میں نہیں آنے والی۔ BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ نے مہاراشٹر کے دھولے اور پالگھر ضلعوں میں ریلیاں کی۔ انہوں نے قبائلی فرقوں کے لیے مختلف سرکاری اسکیموں کا ذکر کیا۔×

## New WB Presidne Officers

مغربی بنگال میں آج الیکشن کمیشن نے بیربھوم اور بہرامپور لوک سبھا سیٹوں کے دو پولنگ بوتھ کے پریزائڈنگ افسران کو ہٹا دیا۔ انتخابی پینل نے یہ فیصلہ ویب کاسٹنگ کے ذریعے یہ نوٹس کرنے کے بعد لیا کہ چند لوگ بوتھوں میں بار بار آجا رہے تھے اور رائے دہندگان کو دباؤ ڈال رہے تھے۔ البتہ اِن پریزائڈنگ افسران نے اُن کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی۔ انتخابی کمیشن، لوک سبھا انتخاب میں تمام بوتھوں کی ویب کاسٹنگ کر رہا ہے۔x

## ON CBSE Results

وزیراعظم نریندر مودی نے اُن طلبا کو مبارکباد پیش کی ہے جنہوں نے CBSE کے بارہویں کلاس کا امتحان پاس کر لیا ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انہیں طالب علموں کی تکمیلیت اور اُن کے اخلاص پر بے پناہ فخر کا احساس ہو رہا ہے۔ جناب مودی نے بچوں کو تعاون فراہم کرنے والے ان کے اہل خانہ اور تعلیم کے لیے مکمل طور پر وقف ماہرین تعلیم کی کوششوں کا بھی اعتراف کیا جن کا مستقل تعاون ان کی کامیابی کی کلید رہا ہے۔

اُن طلبا سے خطاب کرتے ہوئے جو امتحان میں مزید نمبروں کی امید کر رہے تھے جناب مودی نے کہا کہ یہ ان کے سفر کا صرف ایک سنگ میل ہے اور انہوں نے اُن بچوں سے زور دے کر کہا کہ وہ اُن باتوں پر توجہ کریں جو انہیں پرجوش بناتی ہیں اور انہیں آگے بڑھنے پر آمادہ کرتی ہیں۔×

## Eve. Sonowal Iran

بھارت اور ایران نے آج چابہار میں شہید بہشتی بندرگاہ آپریشن کیلئے ایک طویل مدتی سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔ بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال، بھارت پورٹ گلوبل لمیٹڈ اور ایران کی پورٹس اینڈ میری ٹائم تنظیم کے درمیان سمجھوتے پر دستخط کے وقت موجود تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب سونووال نے کہا کہ اِس سمجھوتے کے ساتھ ہی، چابہار میں بھارت کے طویل مدت کیلئے مشغول ہونے کی بنیاد پڑی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سمجھوتے پر دستخط، چابہار بندرگاہ کی استقامت اور دھند کی صورت میں دور تک نظر آنے سے متعلق عوامل پر مختلف طریقے سے اثرانداز ہوں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ چابہار نہ صرف بھارت کے نزدیک ترین بندرگاہوں میں سے ایک ہے بلکہ یہ جہاز رانی کے نقطۂ نظر سے ایک انتہائی بہترین بندرگاہ بھی ہے۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ سمجھوتہ باہمی تعلقات میں ایک نیا باب رقم کرے گا۔ یہ سمجھوتہ علاقائی کنیکٹی ویٹی میں اضافہ کرے گا نیز یہ افغانستان، وسطی ایشیا اور Eurasia کے ساتھ بھارت کے روابط کو استحکام بخشے گا۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ یہ بحیرہئ عمان کے ساتھ ایران کے ساحل پر قائم چابہار بندرگاہ کیلئے بھارت کو سہولت فراہم کرے گا۔ یہ ایران کے راستے، پاکستان میں کراچی کے ساتھ ساتھ گوادَر کی بندرگاہوں کو بائی پاس کرتے ہوئے، جنوبی ایشیا اور وسطی ایشیا کے درمیان ایک نیا تجارتی روٹ بھی کھولے گا۔ یہ سمجھوتہ حساس اور مصروف خلیج فارس اور آبنائے ہرمز سے ایک متبادل ٹرانزٹ روٹ کی جستجو میں کاروباری برادریوں کیلئے اقتصادی مواقع کے نئے باب بھی کھولے گا۔x

## Jaishankar Press Conference

ویزر خارجہ ایس جے شنکر نے آج واضح لفظوں میں کہا ہے کہ بھارت ور ایران کے درمیان چھہ بہار بندرگاہ کے معاہدے سے بڑی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہوگی اور بھارت وسطی ایشیا سے جڑ پائے گا۔ ممبئی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب جے شنکر نے کہاکہ یہ معاہدہ کلیدی نوعیت کا حامل ہے اور اِس سے جنوبی ایشیا اور وسطی ایشیا کے درمیان پاکستان میں کراچی اور گوادر بندرگاہوں کو بائی پاس کرتے ہوئے ایران کے راستے ایک نیا کاروباری راستہ کھل جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس سے کاروباری افراد کے لیے اقتصادی مواقع کے ایک نئے عہد کا آغاز ہوگا کہ وہ حساس اور مصروف خلیج فارس اور آبنائے ہرمُز سے الگ ایک متبادل راستے کو استعمال کر سکیں گے۔x

## Mumbai Mishap

ممبئی کے گھاٹ کوپر علاقے میں ایک 100 فٹ طویل Billboard جڑ سے اکھڑ کر ایک پیٹرول پمپ اور قرب وجوار کے گھروں پر گر گیا جس کے نتیجے میں تین افراد

ہلاک اور دیگر 59 زخمی ہوگئے۔ یہ Billboard آج شام ممبئی اور پڑوسی میٹرو پولیٹن علاقوں میں شدید بارش ہونے اور تیز و تند ہوائیں چلنے کی وجہ سے اُکھڑ گیا تھا۔ پولیس اور NDRF کو پھنسے ہوئے لوگوں کو نکالنے کیلئے تعینات کیا گیا ہے۔ ایمبولنس ضروری خدمات انجام دے رہی ہیں۔ زخمیوں کو قریبی اسپتالوں میں داخل کرایا گیا ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔x

**Maha Naxalites Killed**

مہاراشٹر کے گڈچرولی ضلع میں آج سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں دو خواتین سمیت تین نکسل وادی ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے سپرنٹنڈنٹ Nilotpal نے بتایا کہ ایک انٹلیجنس رپورٹ موصول ہوئی تھی کہ Perimili Dalam کے کچھ کارکن Bhamragarh تعلقہ کے Katrangatta گاؤں کے نزدیک جنگل میں کیمپ لگائے ہوئے ہیں، جن کا مقصد اُن کی جاری Tactical Counter Offensive مہم - (TCOC) کے دوران باغیانہ سرگرمیاں انجام دینا تھا۔ اس انٹلیجنس کے مطابق اُنھوں نے پولیس کے خصوصی مشن کے اڈیشنل سپرنٹنڈنٹ Yatish دیشمکھ کے تحت، C- 60 جوانوں کے دو یونٹ نکسلیوں کے خلاف کارروائی انجام دینے کیلئے روانہ کئے۔ جس وقت پولیس علاقے میں تلاشی کی کارروائی کر رہی تھی نکسلیوں نے ان پر اندھادھند فائرنگ شروع کردی۔C-60 جوانوں نے بھی جوابی کارروائی کی۔ فائرنگ رکنے کے بعد پولیس نے جائے واردات کا معائنہ کیا اور وہاں ایک مرد اور دو خواتین نکسلیوں کی لاشیں ملیں۔

اُن میں سے ایک کی شناخت واسو کے طور پر کی گئی ہے جو کہ Perimili Dalam انچارج اور کمانڈر تھا۔ پولیس کے سپرنٹنڈنٹ Nilotpal نے کہا کہ دیگر دو خواتین نکسلیوں کی ابھی تک شناخت نہیں کی جاسکی ہے۔

اسی دوران، جائے واردات سے تین خودکار ہتھیار، ایک AK-47 رائفل، ایک کاربائن اور ایک INSAS رائفل، نکسلی مواد اور اشیا برآمد کی گئی ہیں۔x

**Chhatigarh Maoists**

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں سکیورٹی فورسز کے ذریعے آج 14 ماؤنوازوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس کے سپرنٹنڈنٹ جتیندر یادو نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ ریزور گارڈ- DRG اور پولیس کی مشترکہ ٹیم Mutavendi-Pediya میں تلاشی کی کارروائی میں مصروف تھی۔ کارروائی کے دوران سکیورٹی کے عملے نے 14 ماؤنوازوں کو آتش گیر مادّے اور تشہیری مواد کے ساتھ جنگل سے گرفتار کیا۔ چار ٹفن بم، دو کوکر بم، فلیتے، کارڈیکس وائر اور Gelatin کی چھڑیاں گرفتار شدہ ماؤنوازوں سے برآمد کی گئی۔

**NCW AAP MP**

خواتین کے قومی کمیشن NCW نے کہا ہے کہ وہ عام آدمی پارٹی کی راجیہ سبھا کی ممبر پارلیمنٹ سواتی مالیوال پر دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی رہائش گاہ پر

ہوئے مبینہ حملے کے معاملے کی چھان بین کے لیے ایک انکوائری ٹیم بھیج رہی ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں NCW نے کہا ہے کہ اُس نے کارروائی کرنے کو کہا ہے اور دلی پولیس سے اِس معاملے میں انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔ کمیشن نے مزید کہا کہ قصورواروں کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جانا چاہیے۔ NCW دلی پولیس کو ایک باقاعدہ خط بھی بھیج رہا ہے کہ وہ اِس معاملے میں کی گئی عمل آوری کی رپورٹ تین دن کے اندر اندر پیش کرے۔

دلی پولیس کے اہلکاروں کا کہنا ہے کہ اس معاملے میں انہیں ایک PCR کال موصول ہوئی اور اِسی کے مطابق پولیس نے کال پر کارروائی کی۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی پارٹی کی ممبر پارلیمنٹ پولیس اسٹیشن بھی آئی تھیں لیکن ان کی طرف سے کوئی شکایت درج نہیں کی گئی۔×

## World Football Day

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 25 مئی کو فٹبال کے عالمی دن کے طور پر منائے جانے کا اعلان کیا ہے۔ اِس سلسلے میں نیویارک میں جنرل اسمبلی کی 80ویں مکمل میٹنگ کے دوران ایک قرارداد کو منظور کیا گیا۔ سال 2024 میں، پہلے بین الاقوامی فٹبال ٹورنامنٹ کے انعقاد کے سو سال مکمل ہوگئے۔ تاریخی اعتبار سے سو برس پہلے 1924 کے موسم گرما کے پیرس میں منعقدہ اولمپیائی کھیلوں کے ایک حصے کے طور پر تمام خطوں نے اِس ٹورنامنٹ میں نمائندگی کی تھی۔ یہ قرارداد 193 ارکان پر مشتمل جنرل اسمبلی کی جانب سے اتفاق رائے سے منظور کی گئی۔

اقوام متحدہ میں لیبیا کے مستقل نمائندے طاہر ایم السنّی نے میٹنگ کے دوران "ترقی اور امن کے لیے کھیل: کھیلوں اور اولمپک کھیلوں کے ذریعے ایک پرامن اور بہتر دنیا کی تعمیر" کے تحت اس قرارداد کے مسودے کو پیش کیا۔ اسمبلی نے بعد ازاں 25 مئی کو فٹبال کے عالمی دن کے طور پر منائے جانے کا اعلان کرتے ہوئے اس قرارداد کو منظور کر لیا۔×

## Italian Open Tennis

بھارت کے روہن بوپنّا اور اُن کے آسٹریلیائی ساتھی میتھیو ایبڈَن کی جوڑی آج اٹلی کے شہر روم میں باوقار اٹیلین اوپن ٹینس کے مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ بھارت اور آسٹریلیا کی دوسرے نمبر کی اِس جوڑی نے اٹلی کے Passaro اور Arnaldi کی جوڑی کو سیدھے سیٹوں میں چھ-دو، چھ-دو سے ہرایا۔ بوپنّا اور ایبڈَن کی جوڑی کا کل پری کوارٹر فائنل میں Bolelli اور Vavassori کی ایک اور اطالوی جوڑی سے مقابلہ ہوگا۔x

## Retail Inflation

شماریات اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت کی جانب سے آج جاری کی گئی ایک ریلیز کے مطابق اپریل میں بھارت کے خردہ افراطِ زر کی شرح میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی اور یہ چار اعشاریہ آٹھ تین فیصد پر ہی رہی۔ خردہ افراطِ زر کی شرح میں معمولی

کمی کے ساتھ کھانے پینے کی اشیا کی قیمتوں میں سات اعشاریہ آٹھ سات فیصد تک کا اضافہ ہوا جو ایک ماہ قبل سات اعشاریہ چھ سات فیصد سے زیادہ رہی۔ اپریل میں معمولی اضافے کے ساتھ خردہ افراطِ زر آٹھ اعشاریہ سات صفر فیصد رہی، جو پچھلے ماہ کی آٹھ اعشاریہ پانچ دو فیصد سے زیادہ ہے۔x

## Shooting Olympic Qualifiers

نشانے بازی میں چار بھارتی نشانے بازوں نے، بھوپال میں اولمپک کی انتخابی آزمائشوں میں 25 میٹر کے پسٹل زمرے میں باوقار پیرس اولمپک کے لیے جگہ بنا لی ہے۔ مردوں کے 25 میٹر کے پسٹل زمرے میں انیش بھانوالا اور وجئے ویر سِدھو نے بھوپال میں آج MP شوٹنگ اکیڈمی میں آزمائشوں میں اوّل مقام حاصل کیا، جبکہ خواتین کے 25 میٹر پسٹل میں ایشا سنگھ اور منوبھاکر نے کل ہوئے ٹرائلز میں اعلیٰ مقام حاصل کر کے اولمپک میں اپنی جگہ بنا لی تھی۔ مردوں کے مقابلے میں انیش نے فائنل میں کل 36 نشانے لگا کر اعلیٰ مقام حاصل کیا۔ اِس سے قبل ایشا نے کل فائنل میں 43 کا اسکور بنایا اور وہ موجودہ عالمی ریکارڈ سے ایک پوائنٹ آگے بڑھ گئیں۔ البتہ، ISSF کے ضابطوں کے مطابق آزمائشوں کی کارکردگی کو ریکارڈ تسلیم نہیں کیا جاتا ہے۔ منوبھاکر نے 40 کے اسکور کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کی۔x

## Russia Ukraine

یوکرین میں مشرقی اور شمال مشرقی خطے میں سرحد کے نزدیک فوجی شدید جنگی صورتحال سے نمبرد آزماں ہیں۔ اِدھر روس نے آج دعوی کیا ہے کہ وہ یوکرین کے دوسرے سب سے بڑے شہر خرکیف کے نزدیک شمال مشرقی سرحدی قصبے Vovchansk میں داخل ہو گئے ہیں۔ روس نے جمعہ کو اچانک سرحدوں پر اپنے حملے کے بعد کم از کم نو گاؤں اور میونسپلٹیوں کو اپنے کنٹرول میں لے رکھا ہے۔

البتہ، یوکرین کے صدر ویلادیمیر زیلنسکی کے مطابق زبردست لڑائی اِس وقت بھی جاری ہے اور بڑی تعداد میں یوکرین کے فوجی روس کی بڑی زمینی کارروائی کو پیچھے دھکیلنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ یوکرین کے اہلکاروں کے مطابق، خطے سے تقریباً چھ ہزار افراد کو محفوظ مقام پر پہنچایا گیا ہے۔

اِدھر روس کا کہنا ہے کہ روس کے سرحدی شہر Belgorod میں کم از کم 15 افراد ہلاک اور کئی اُس وقت زخمی ہو گئے جب ایک اپارٹمنٹ بلاک یوکرین سے پھینکے گئے میزائل کے کچھ حصوں کی زد میں آکر زمین بوس ہو گیا۔ اِس میزائل کو روس کی فوج نے مار گرایا تھا۔x

## Trampoline Gymnastics Silver

Trampoline میں، بھارت کی Srishti Khandagale نے، ایشیائی Trampoline جمناسٹکس چمپئن شپ میں چاندی کا تمغہ حاصل کر کے سب سے پہلی بھارتی بن کر تاریخ رقم کردی ہے۔ انھوں نے کل چین کے ہانگ کانگ میں چھٹی ایشیائی Trampoline جمناسٹکس چمپئن شپ میں خواتین کے افرادی عمر کے گروپ میں

چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ البتہ وہ آنے والے پیرس اولمپکس کیلئے کوالیفائی نہیں کرسکیں کیونکہ وہ عمر کے گروپ کے کھیل میں مقابلے میں حصہ لے رہی تھیں۔
قزاخستان کی Dolgopolova نے سونے کا تمغہ حاصل کیا جبکہ ہانگ کانگ کی S Hung نے کانسے کا تمغہ جیتا۔x

*******